**THE CRESCENT TEXTILE MILLS LIMITED**
**NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING**

NOTICE is hereby given that an Extraordinary General Meeting ("EOGM") of the members of The Crescent Textile Mills Limited (the "Company") will be held on **Saturday, May 16, 2026** at **11:00 a.m.** at the registered office of the Company, Sargodha Road, Faisalabad, to transact the following business:

**Ordinary Business:**

1. To elect Seven (07) directors of the Company, as fixed by the Board of Directors in accordance with Section 159 of the Companies Act, 2017, for a term of three (03) years commencing from May 17, 2026. Names of the present directors retiring and eligible to file nominations are as under:

    1. Mr. Ahmad Shafi
    2. Mr. Amin Anjum Saleem
    3. Mr. Aurangzeb Shafi
    4. Mr. Khalid Bashir
    5. Mr. Khurram Mazhar Karim
    6. Mr. Muhammad Anwar
    7. Mrs. Nazia Maqbool

By Order of the Board

(Sajjad Hussain)
Company Secretary

Faisalabad, April 24, 2026

**Notes:**

1. The Share Transfer Books of the Company will remain closed from May 10, 2026 to May 16, 2026 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrar, M/s. CorpTec Associates (Pvt) Limited, 503-E, Johar Town, Lahore by the close of business on May 09, 2026, will be considered in time for the purpose of attending and voting at the EOGM.

2. Any member seeking to contest the election of directors shall file with the Company, at its Registered Office, not later than 14 days before the date of the EOGM, the following documents and information:

    (a) Notice of intention to offer himself/herself for election as a director in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017.
    (b) A candidate must be a member of the Company except a person representing a member, which is not a natural person.
    (c) His/her Folio No./CDC Investors Account No./CDC Participant No./Sub-Account No.;
    (d) Consent to act as a Director in accordance with Section 167 of the Companies Act, 2017;
    (e) A detailed profile, along with the office address, for placement on the Company's website;
    (f) Attested copy of valid CNIC/Passport and NTN;
    (g) A declaration confirming that he/she:
        i. is not ineligible to become a director of a listed company under any provision of the Act, any other applicable law, rules, or regulations;
        ii. is aware of his/her duties and powers under the relevant laws, the Memorandum and Articles of Association of the Company, and the listing regulations of the Pakistan Stock Exchange Limited;
        iii. is not serving as a director on more than seven listed companies, including the Company; and
        iv. complies with the requirements of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, and the eligibility criteria set out in the Companies Act, 2017.
    (h) Candidates contesting the election as independent directors shall also submit an additional declaration under Clause 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019.

3. E-Voting / Voting by Postal Ballot: If the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under Section 159 of the Companies Act, 2017, then the Company shall provide its members with options of e-voting or voting by postal ballot in accordance with the provisions of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018.

4. In accordance with the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, the Board of Directors of the Company has appointed M/s Riaz Ahmad and Company, Chartered Accountants, a QCR-rated audit firm, as Scrutinizer for the election of directors in the meeting. Furthermore, M/s CorpTec Associates (Pvt.) Limited, the Company's Share Registrar, has been appointed as the e-voting service provider in accordance with the requirements of the said Regulations.

5. Members who intend to participate in the EOGM through electronic means are hereby requested to register themselves with the Company Secretary's Office by sending a clear copy of both sides of their valid Computerized National Identity Card (CNIC), along with their name, folio number, mobile number, and number of shares held, at least 48 hours before the time of the EOGM, to the Company at sajjad.hussain@ecrestex.pk. Upon receipt of the above information and documents from interested members, the Company will provide login credentials to enable their participation in the EOGM through electronic means.

6. Requirements for Attending the EOGM:
   a. In the case of individuals, the CDC account holders, sub-account holders, and/or persons whose securities are held in a group account and whose registration details are uploaded as per the CDC Regulations, shall authenticate their identity by presenting their original valid Computerized National Identity Card (CNIC) or original valid passport at the time of attending the meeting.
   b. In the case of a corporate entity, a Board of Directors' resolution or power of attorney, along with the specimen signature of the nominee and his/her original valid Computerized National Identity Card (CNIC) or original valid passport, shall be produced at the time of attending the meeting (if not already provided earlier).

7. A member entitled to participate and vote at the EOGM is also entitled to appoint a proxy to participate and vote on his/her behalf. To be valid, proxy forms must be duly stamped, signed, and received at the Registered Office of the Company not later than 48 hours before the time of the meeting. The proxy form must be witnessed by two persons, whose names, addresses, and CNIC numbers shall be stated on the form. Copies of the valid CNIC or passport of both the member and the proxy shall also be furnished with the proxy form.

8. Pursuant to the provisions of the Companies Act, 2017, if the Company receives a demand from members holding, in aggregate, 10% or more of the shareholding and residing in a particular geographical location to participate in the meeting through video conference, the Company will arrange such a facility in that city, subject to its availability. The demand for a video conference facility must be received at the registered address of the Company at least seven (07) days before the date of the EOGM, on the standard form available on the Company's website.

9. Printed notices of the EOGM have been dispatched to all members. The Company has electronically transmitted the notice of the EOGM via email to those members whose email addresses are available with the Share Registrar. A copy of the Notice of the EOGM, the Proxy Form, and other relevant information has been placed on the Company's website: www.crescenttextile.com.

10. Members are hereby informed that no gifts will be distributed at the EOGM.

**STATEMENT MADE UNDER SECTION 166(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017 IN RESPECT OF APPOINTMENT OF INDEPENDENT DIRECTORS**

Independent directors shall be elected in the same manner as other directors are elected in terms of section 159 of the Companies Act, 2017. It will be ensured that the persons contesting as independent directors must meet the criteria under Section 166 of the Companies Act, 2017 and possess the requisite competencies, skills, knowledge and experience.

No directors have direct or indirect interest in the above said business except they may consent for election of directors accordingly.

# دی کریسنٹ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

# غیر معمولی جنرل اجلاس کا نوٹس

یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ دی کریسنٹ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے ممبران کا ایک غیر معمولی جنرل اجلاس (EOGM) بروز ہفتہ، 16 مئی 2026، صبح 11:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، سرگودھا روڈ، فیصل آباد میں منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل امور زیر غور لائے جائیں گے:

معمول کا کاروبار:

17 مئی 2026 سے شروع ہونے والی تین (3) سالہ مدت کے لیے کمپنی کے سات (07) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا، جو کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے مطابق معین کیے ہیں۔ موجودہ ڈائریکٹرز کے نام جو ریٹائر ہو رہے ہیں اور دوبارہ نامزدگی کے اہل ہیں، درج ذیل ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1): | جناب احمد شفیع | (2): | جناب امین انجم سلیم |
| (3): | جناب اورنگزیب شفیع | (4): | جناب خالد بشیر |
| (5): | جناب خرم مظہر کریم | (6): | جناب محمد انور |
| (7): | محترمہ نازیہ مقبول | | |

بحکم بورڈ

(سجاد حسین)

کمپنی سیکرٹری

فیصل آباد

24 اپریل 2026

نوٹس:

(1): کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 10 مئی 2026 سے 16 مئی 2026 تک (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو 09 مئی 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک ہمارے شیئر رجسٹرار، ایم ایس کارپ ٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 503 ای، جوہر ٹاؤن، لاہور کے دفتر میں موصول ہو جائیں گی، انہیں EOGM میں شرکت اور ووٹنگ کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

(2): کوئی بھی رکن جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہو، وہ EOGM کی تاریخ سے کم از کم 14 دن پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں درج ذیل دستاویزات اور معلومات جمع کروائے:

(الف) کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(3) کے تحت بطور ڈائریکٹر انتخاب میں حصہ لینے کے ارادے کا نوٹس۔

(ب) امیدوار کا کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے، سوائے اس شخص کے جو کسی ایسے ممبر کی نمائندگی کر رہا ہو جو حقیقی شخص نہ ہو۔

(ج) اس کا فولیو نمبر/CDC انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/CDC پارٹیسپنٹ نمبر/سب اکاؤنٹ نمبر؛

(د) کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 167 کے مطابق بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی؛

(ہ) کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کرنے کے لیے مکمل پروفائل بمعہ دفتر کا پتہ؛

(و) درست CNIC / پاسپورٹ اور NTN کی تصدیق شدہ کاپی؛

(ز) ایک اعلامیہ جس میں تصدیق کی جائے کہ:

(i) وہ کسی بھی قانون، قواعد یا ضوابط کے تحت لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے نا اہل نہیں ہے؛

(ii) وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہے؛

(iii) وہ کمپنی سمیت سات سے زیادہ لسٹڈ کمپنیوں میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا؛

(iv) وہ لسٹڈ کمپنیز (کارپوریٹ گورننس کوڈ) ریگولیشنز 2019 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے تقاضوں پر پورا اترتا ہے۔

(ح) آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب لڑنے والے امیدوار کو مذکورہ ریگولیشنز 2019 کی شق 6(3) کے تحت اضافی اعلامیہ بھی جمع کروانا ہوگا۔

(3): ای ووٹنگ / بذریعہ ڈاک ووٹنگ: اگر امیدواروں کی تعداد مقررہ ڈائریکٹرز سے زیادہ ہو (کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت)، تو کمپنی اپنے ممبران کو ای ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کی سہولت فراہم کرے گی، جیسا کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 میں بیان کیا گیا ہے۔

(4): کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ایم ایس ریاض احمد اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (QCR ریٹڈ آڈٹ فرم) کو اجلاس میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے اسکروٹنائزر مقرر کیا ہے۔ مزید برآں، ایم ایس کارپ ٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مذکورہ ریگولیشنز کے ضوابط کے مطابق ای ووٹنگ سروس فراہم کرنے والا مقرر کیا گیا ہے۔

(5): وہ ممبران جو EOGM میں الیکٹرانک طریقے سے شرکت کرنا چاہتے ہیں، ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے CNIC کی دونوں جانب کی واضح کاپی، نام، فولیو نمبر، موبائل نمبر اور شیئرز کی تعداد کے ساتھ، اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی سیکرٹری کے دفتر کو sajjad.hussain@ecrestex.pk پر ای میل کریں: معلومات اور دستاویزات موصول ہونے کے بعد کمپنی انہیں الیکٹرانک طریقے سے EOGM میں شمولیت کے قابل بنانے کے لیے لاگ اِن تفصیلات فراہم کرے گی۔

(6): EOGM میں شرکت کی شرائط:

(الف) انفرادی صورت میں، CDC اکاؤنٹ ہولڈرز، سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں رکھی گئی ہیں

اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات CDC ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اپنا اصل کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل کارآمد پاسپورٹ پیش کریں گے۔

(ب) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی، نامزد نمائندے کے نمونہ دستخط کے ساتھ، اور اس کا اصل کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل کارآمد پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کیا جائے گا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

(7): ہر وہ ممبر جو EOGM میں ووٹ دینے کا حق رکھتا ہے، وہ کسی نمائندے (پراکسی) کو مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی فارم پر درست اسٹیمپ اور دستخط ہونے چاہئیں اور اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع ہونا چاہیے۔ اس فارم پر دو گواہوں کے نام، پتے اور CNIC نمبر درج ہونا ضروری ہیں، اور ممبر و پراکسی دونوں کی CNIC یا پاسپورٹ کی کاپیاں بھی منسلک ہوں۔

(8): کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق، اگر کمپنی کو ایسے ممبران کی جانب سے درخواست موصول ہوتی ہے جو مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ حصص کے حامل ہوں اور کسی مخصوص جغرافیائی مقام میں مقیم ہوں، کہ وہ اجلاس میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کرنا چاہتے ہیں، تو کمپنی دستیابی کی صورت میں اس شہر میں ایسی سہولت فراہم کرے گی۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے درخواست کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر EOGM کی تاریخ سے کم از کم سات (07) دن پہلے موصول ہونی چاہیے، اور یہ درخواست کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب معیاری فارم پر جمع کروائی جائے۔

(9): EOGM کے شائع شدہ نوٹس تمام ممبران کو ارسال کر دیے گئے ہیں۔ کمپنی نے ان ممبران کو، جن کے ای میل پتے شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب ہیں، EOGM کا نوٹس بذریعہ ای میل بھی ارسال کر دیا ہے۔ EOGM کے نوٹس، پراکسی فارم اور دیگر متعلقہ معلومات کی ایک نقل کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے: www.crescenttextile.com

(10): ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ EOGM میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166(3) کے تحت آزاد ڈائریکٹرز کی تقرری سے متعلق بیان

آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب اسی طریقہ کار کے مطابق کیا جائے گا جس کے تحت دیگر ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے مطابق کیا جاتا ہے۔ یہ یقینی بنایا جائے گا کہ آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب لڑنے والے افراد کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 کے تحت مقرر کردہ معیار پر پورا اتریں اور مطلوبہ اہلیت، مہارت، علم اور تجربہ رکھتے ہوں۔

کوئی بھی ڈائریکٹر اس کاروبار میں براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی نہیں رکھتا، سوائے اس کے کہ وہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے اپنی رضامندی دے سکتا ہے۔